## حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پر صلوات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الصِّدِّيقَةِ فاطِمَةَ الزَّكِيَّةِ حَبِيبَةِ حَبِيبِکَ وَنَبِيِّکَ وَأُمِّ أَحِبَّائِکَ وَأَصْفِيائِکَ

اے معبود درود بھیج صدیقہ کائنات سیدہ فاطمہ (س) پر جو پاکیزہ ہیں تیرے پیغمبرؐ اور تیرے محبوب کی پیاری بیٹی ہیں اور تیرے محبوب اور برگزیدوں کی والدہ

الَّتِى انْتَجَبْتَها وَفَضَّلْتَها وَاخْتَرْتَها عَلَى نِساءِ الْعالَمِينَ. اَللّٰهُمَّ كُنِ الطَّالِبَ لَها مِمَّنْ ظَلَمَها وَ

ہیں وہی بی بی (س) جہانوں کی عورتوں میں سے جنکو تو نے چن لیا عظمت دی اور پسندیدہ بنایا اے معبود جنہوں نے ان پر ظلم ڈھایا ان سے بدلہ لے اور

اسْتَخَفَّ بِحَقِّها وَكُنِ الثَّائِرَ اَللّٰهُمَّ بِدَمِ أَوْلادِها. اَللّٰهُمَّ وَكَما جَعَلْتَها أُمَّ أَئِمَّةِ الْهُدىٰ وَحَلِيلَةَ صاحِبِ

انکے حق کی پرواہ نہ کی ان سے بدلہ لے اور اے معبود انکی اولاد کے خون کا انتقام لے اور اے معبود جیسا کہ تو نے انکو بنایا ہدایت والے اماموں کی ماں پیغمبر

اللِّواءِ وَالْكَرِيمَةَ عِنْدَ الْمَلَإِ الْأَعْلىٰ فَصَلِّ عَلَيْها وَعَلَى أُمِّها صَلاةً تُكْرِمُ بِها وَجْهَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ؐ کے علمبردار کی زوجہ محترمہ اور عالم بالا عرش و کرسی کے مقام میں عزت والی قرار دیا پس ان پر اور انکی والدہ (س) پر رحمت فرما جس سے تیرے نبی محمدؐ کا چہرہ

وَتُقِرُّ بِها أَعْيُنَ ذُرِّيَّتِها وَأَبْلِغْهُمْ عَنِّى فِى هٰذِهِ السَّاعَةِ أَفْضَلَ التَّحِيَّةِ وَالسَّلامِ.

مبارک چمک اٹھے اور ان بی بی (س) کی اولاد کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور پہنچا ان سب کو اس وقت میرا بہترین درود اور آداب وسلام۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com